عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ نیب نے چینی کے بحران کی تحقیقات ختم کردیں۔انکوائری ختم کرنے سے قیمتوں میں کمی ہوگی۔(ایک خبر)
- ● کیونکہ ان میں کچھ پردہ نشینوں کے بھی نام آرہے تھے۔
- ❑ برازیل میں طوائفیں اپنا ریڈیو سٹیشن قائم کریں گی۔(ایک خبر)
- ● اب ہیجڑے اپنا ٹی وی چینل قائم کرسکتے ہیں!
- ❑ صدر بش کی حفاظت کے لیے لائے جانے والے ۶۵ امریکی کتے نئی دہلی کے فائیو سٹار ہوٹل میں ٹھہرے ہیں۔(ایک خبر)
- ● لوگ تو اُسے ''امریکی کتوں کا ہوٹل'' کہتے ہوں گے!
- ❑ جعلی لیبر آفیسر بن کر دکانداروں کو لوٹنے والا گرفتار۔(ایک خبر)
- ● اصلی لیبر آفیسر کا حق کھا رہا تھا!
- ❑ اسلامیات کا انتہا پسندی سے پاک نصابِ تعلیم تیار کررہے ہیں۔(صدر پرویز مشرف)
- ● اس کے باوجود بُش خوش نہیں ہوگا۔جب بھی داؤ لگے گا مارے گا۔
- ❑ پتنگ بازی سے واپڈا کو دو دن میں ۳۹ کروڑ کا نقصان، ۷ جانیں ضائع، ۱۱ زخمی، قاتل کس کو ٹھہرائیں؟ (والدین)
- ● جو جشن بہاراں کے نام پر بسنت کی سرپرستی کررہے ہیں۔
- ❑ بش نے پاکستان کو کچھ نہیں دیا۔کرکٹ کھیل کر چلے گئے۔(نوابزادہ منصور احمد خان)
- ● لوگ تو سوچتے ہوں گے کہ سویرا ہو گا
  کیا خبر اور یہاں کتنا اندھیرا ہو گا
- ❑ روٹی کی قیمت اڑھائی روپے، لکڑی ۱۵۰ روپے من، سیمنٹ کی بوری ۳۲۴ روپے، چینی ۴۲ روپے کلو، آٹا ۱۶ روپے کلو۔(ایک خبر)
- ● غربت کے گراف میں کمی کا منہ بولتا ثبوت!
- ❑ طالبان اور القاعدہ مذہب کے نام پر عوام کے قتل میں ملوث ہیں۔(بش کرزئی مشترکہ پریس کانفرنس)
- ● اور بش کروسیڈ (صلیب) کے نام پر لاکھوں مسلمانوں کے قتل میں ملوث ہے۔
- ❑ پنجاب میں پتنگ بازی پر پابندی، عوام کی جانوں سے کھیلنے والوں کو کچل دیں گے۔(پرویز الٰہی)
- ● صدر لاہور آکر بسنت منائیں گے۔اپوزیشن کو تکلیف ہے تو روک لے۔(راجہ بشارت)